سوال

کیا قرآن مجید پڑھا کر معاوضہ لینا جائز ہے ؟

جواب

الحمد للہ

لجنۃ دائمۃ (مستقل فتوی کمیٹی) سے تعلیم قرآن کی اجرت کے جواز کے معلق سوال کیا گیا تو اس کا جواب تھا :

جی ہاں علماء کرام کے صحیح قول کے مطابق تعلیم قرآن کا معاوضہ لینا جائز ہے جس کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عمومی فرمان ہے :

(سب سے بہتر اور حق معاوضہ جو تم لیتے ہو وہ کتاب اللہ کا ہے) صحیح بخاری ۔

اور ضرورت مند تو اس کا زیادہ مستحق ہے ۔

اور اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں برسائے ۔ .